# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 06 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶/جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِاعظم نریندر مودی آج جموں کشمیر کے دورے پر؛46ہزار کروڑ رسے زائد کے ترقیاتی کاموں کاافتتاح ونقاب کشائی۔

☆ ریاست میں 31اکتوبر تک قومی پلاسٹک آلودگی تلف مہم؛مختلف مہموں سے کل یومِ ماحولیات منایا گیا۔

☆ سمرڈھی ہائی وے کے اِگت پوری تا آمنے اس 76 کلومیٹر طویل مرحلے کاافتتاح۔

☆ گذشتہ 11 سالوں میں خدمات‘انتظام اور غریبوں کی بہبود کے اُصولوں کے ذریعے شہریوں کے معیارِ زندگی میں بنیادی تبدیلی کے ساتھ ثقافتی ورثے کے تحفظ دینے حکومت کی ترجیح۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آئندہ تین دِنوں میں کئی مقامات پر تیز ہواؤں‘ گرج چمک کے ساتھ بارش کاامکان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِاعظم نریندر مودی آج جموں کشمیر کادورہ کریں گے اور272 کلو میٹر طویل اُدھم پور، شری نگر، بارہمولہ، ریلوے لنک کوقوم کے نام وقف کریں گے۔تقریباً44ہزار کروڑ روپئے کے خرچ سے یہ منصوبہ تمام موسم میں وادیِ کشمیر کوملک کے باقی حصوں سے جوڑے گا۔وزیرِاعظم نے سوشل میڈیاپر ایک پیغام میں کہا کہ یہ منصوبہ خطے میں نقل وحمل میں انقلاب لائے گا اور سماجی واقتصادی حیثیت کوفروغ دے گا۔وزیرِاعظم نے اس منصوبے کے تحت چناب دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پُل اور بھارت کے پہلے کیبل اسٹیڈ اَنجی کابھی افتتاح کریں گے۔اس کے ساتھ کٹرہ میں 46ہزار کروڑ روپئے سے زائد قیمت کے کئی ترقیاتی کاموں کاسنگِ بنیاد‘افتتاح اورقوم کے نام وقف کریں گے۔

***** ***** *****

کل ملک بھر میں عالمی یومِ ماحولیات مختلف پروگراموں کے ذریعے منایا گیا۔اس سال کے یومِ ماحولیات کا مرکزی موضوع پلاسٹک سے ہونے والی آلودگی کوتلف کرنا ہے۔وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپنی سرکاری رہائش گاہ ورشا میں ایک درخت لگایا۔اپنے پیغام میں انھوں نے کہا کہ اس سال یومِ ماحولیات کے موضوع کے مطابق ماحول کو پلاسٹک سے پاک بنانا ہم سب سے ذمہ داری ہے۔انھوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے آج سے 31 اکتوبر تک قومی پلاسٹک آلودگی کوتلف کرنے کی مہم کا انعقاد کیا ہے۔اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے کل ممبئی میں موسمیاتی تبدیلیوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے عالمی مہم کا آغاز کیا۔انھوں نے شہریوں سے ریاستی حکومت کی 10 کروڑ درخت لگانے کی مہم میں شرکت کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

وزیرِ ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی پنکجا منڈے کی موجودگی میں ممبئی کے گِرگاؤں چوپاٹی میں ایک استعمال کے پلاسٹک کے خاتمے کی مہم کا آغاز کیا گیا۔محکمۂ ماحولیات نے ماحولیات کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے ہیں اورانھوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایک باراستعمال کے پلاسٹک سے گریز کریں۔

***** ***** *****

رکنِ پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ نے چھترپتی سمبھاجی نگر میں ماحولیاتی بیداری کیلئے منعقد کی گئی سائیکل ریلی کا افتتاح کیا۔ضلع کی ہرگرام پنچایت اورشہر کی حدود میں کل درخت لگانے کا آغاز کیا۔

***** ***** *****

گذشتہ گیارہ سالوں میں خدمات' بہترانتظام اورغریبوں کی فلاح وبہبود کے اُصولوں کے ذریعے ملک کے شہریوں کے معیارِزندگی میں تبدیلی آئی ہے۔آکاشوانی اپنے سامعین کیلئے گذشتہ گیارہ سالوں میں بڑے شعبوں میں ہونے ولی تبدیلیوں کا جائزہ پیش کررہا ہے۔آج ہم ملک کے کامیاب ثقافتی ورثے کے تحفظ کے موضوع پرمعلومات حاصل کریں گے۔

**Voice Cast**

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ہندو ہردئے سمراٹ بالا صاحب ٹھاکرے مہاراشٹر سمردھی ہائی وے ریاست کی ترقی میں اہم کردارادا کرے گا اور یہ شاہراہ ریاست کیلئے خوشحالی کی راہداری بنے گی۔ وہ کل اِگت پوری سے آمنے تک سمرڈھی ہائی وے کے آخری مرحلے کے افتتاح کے بعد مخاطب تھے۔

سمرڈھی ہائی وے جوریاست کے 24 اضلاع کو جواہرلال نہرو بندرگاہ اتھاریٹی سے جوڑتی ہے۔اس نے ریاست کو جوڑ دیا ہے۔وزیرِاعلیٰ نے اس یقین کا اظہار کیا کہ یہ ہائی وے جلدہی نئی تعمیر شدہ واڑھون بندرگاہ سے مل جائے گی' جس سے ریاست کے کونے کونے تک بندرگاہ پرمرکوزترقی ہوگی۔

اس موقع پرنائب وزیرِاعلیٰ اجیت پوارو ایکناتھ شندے بھی موجود تھے۔سمردھی ہائی وے کے اس مرحلے سے ناگپورتاممبئی کا سفرصرف آٹھ گھنٹوں میں طئے کیا جائے گا۔یہ آخری مرحلہ، جوناسک اورتھانے اضلاع سے گذرتا ہے کوسہیادری پہاڑی سلسلوں کے ذریعے سرنگوں اور پلوں کے ذریعے مکمل کیا گیا ہے۔اس میں تقریباً گیارہ کلومیٹر طویل پانچ سرنگیں ہیں اوراگت پوری میں موجود سرنگ 17 میٹر سے زیادہ چوڑی اورنومیٹر سے زیادہ اونچی ہے جو ریاست کی سب سے لمبی اور چوڑی سرنگ ہے۔اس سرنگ میں نصب جنریشن وہیکل ایگزٹ سسٹم کو بھارت میں پہلی باراستعمال کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

بھارت سمیت دنیا بھر کے لاکھوں عازمین' مناسکِ حج کے مقدس فریضہ وقوفِ عرفہ ادا کیا جس کیلئے وہ میدانِ عرفات میں جمع ہوئے۔ احرام میں ملبوس عازمین نے مسجد نمرہ میں حج کا خطبہ سنا اورظہراورعصر کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔اس کے بعد حجاج کرام مزدلفہ روانہ ہوئے جہاں انھوں نے مغرب اورعشاء کی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں اورآج صبح فجر کی نماز کے بعد رمی جمار یعنی شیطان کو کنکریاں مارنے کا رُکن ادا کیا اوراب عازمین قربانی وحلق کریں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کل ہندمراٹھی ناٹیہ پریشد کے ایوارڈز کا کل اعلان کر دیا گیا۔ بزرگ اداکارہ نینا ککلرنی اور اداکار سریش ساکھوڑ کر کو اس سال لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔بہترین پروفیشنل ڈرامہ کا ایوارڈ کا Asen Mi Nasen Mi کو دیا جائے گا۔اس کے ساتھ ناٹک کے شعبے میں نمایاں کام کرنے والوں کو دیگر ایوارڈز آئندہ 14 تاریخ کو ممبئی میں تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

11 واں بین الاقوامی یوگا دن آئندہ 21 جون کو منایا جائے گا۔ یوگا دن کیلئے اب 15 دن باقی ہیں۔اس سلسلے میں انڈین یوگا انسٹیٹیوٹ کے ضلع چیف افسر دنیش دیشپانڈے نے پشت کے بل لیٹ کر کیے جانے والے سیتو بندھا سن کے بارے میں بتایا کہ السر‘ ہرنیا اور گردن درد میں مبتلا افراد اس آسن کو نہ کریں۔اس آسن سے پیٹ کے اعضاء کی ورزش ہوتی ہے اور خواتین کے تولیدی اعضاء مضبوط ہوتے ہیں۔استھما اور کمر درد میں یہ آسن مفید ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے گورنمنٹ میڈیکل کالج اور ہاسپٹل میں طلباء کیلئے تیار کردہ ایک جدید ترین ورزش گاہ کا افتتاح کل‘ ضلع کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر شرساٹ نے سرکاری میڈیکل کالج کے ڈاکٹروں‘ طلباء اور عملے کو اپنی صحت کا خیال رکھنے کا مشورہ دیا۔

***** ***** *****

انڈونیشیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں ساتوک سائی راج رینکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی نے کوارٹر فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔گزشتہ روز ہوئے ایک مقابلے میں انہوں نے ڈنمارک کی جوڑی کو دو-ایک سے شکست دی۔خواتین کے سنگلز میں بھارت کی پی وی سندھو کو سیمی فائنل میں تھائی لینڈ کے کھلاڑی سے 22-20،10-21،18-21 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے آئندہ تین دنوں میں ریاست کے مختلف مقامات پر تیز ہواؤں،اور گھن گرج کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔جبکہ 30 سے زائد اضلاع میں یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔انتظامیہ نے کسانوں سے خبردار رہنے کی اپیل کی ہے۔محکمہ موسمیات نے مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، بیڑ، ہنگولی، پربھنی، دھاراشیو اضلاع کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج جموں کشمیر کے دورے پر؛ 46 ہزار کروڑ روپے سے زائد کے ترقیاتی کاموں کا افتتاح ونقاب کشائی۔

☆ ریاست میں 31 اکتوبر تک قومی پلاسٹک آلودگی تلف مہم؛ مختلف مہموں سے کل یومِ ماحولیات منایا گیا۔

☆ سمردّھی ہائی وے کے اِگت پوری تا آمنے اس 76 کلو میٹر طویل مرحلے کا افتتاح۔

☆ گذشتہ 11 سالوں میں خدمات‘ انتظام اور غریبوں کی بہبود کے اُصولوں کے ذریعے شہریوں کے معیارِ زندگی میں بنیادی تبدیلی کے ساتھ ثقافتی ورثے کو تحفظ دینے حکومت کی ترجیح۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آئندہ تین دِنوں میں کئی مقامات پر تیز ہواؤں‘ گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا بلیٹن مراٹھی میں صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**